## سوال

(54) مومن ہونے کی توثیق کیسے کریں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہ توفیق کیسی دی جا سکتی ہے کہ ایک شخص مومن ہے اوراس کی روح پاک ہے، پاک روح کا آرام سے نکلنا اوراس بندے کےلیے قبر میں وسعت کا ہونا اوردوسری بات کہ مُردے کو بعض گناہوں کی وجہ سے عذاب بھی ہوتا ہے؟ (فتاویٰ الامارات :51)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس طرح کی کوئی حدیث موجود نہیں ہے کہ جس میں اس طرح کی دو متضاد چیزوں کے درمیان مطابقت بیان کی گئی ہو کہ جو چیزیں سوال میں مذکور ہیں۔ ایک تو وہ شخص ہے کہ جسے عذاب دیا جائے گا جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"اِستَنزِہُوا مِنَ الْبَوَلِ, فَإنّ عَامَّةَ عَذَابِ الْقَبرِ مِنهُ"

کہ پیشاب کے چھینٹوں سے بچو' بے شک عام طور پہ عذاب قبر اس کی وجہ سے ہوتا ہے۔

اس طرح کے آدمی کی روح کے بارے میں نہیں آیا کہ اس کی روح کوریشم کے کپڑے میں لپیٹ دیا جاتا ہے۔ ان معاملات کا تعلق غیب سے ہے۔ اس میں زیادہ اندر نہیں گھسنا چاہیے۔ کیونکہ یہ مسئلہ ایمانیات سے تعلق رکھتا ہے۔ احکام سے تعلق نہیں رکھتا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**فتاویٰ البانیہ**

**عذاب قبر صفحہ :151**